شکوہ موسوی قدرت کا اک اعجاز ہوتا ہے
مناسب وقت پر قدرت کرے گی کار چارہ
پئے اصلاح دنیا وقت خود دمساز ہوتا ہے
یہ ہے دستور فطرت معنیٔ اعلان فطرت کو
وہی پاتا ہے یاں جو گوش بر آواز ہوتا ہے

●

نظر سو بار اس تہذیب حاضر کی تجلی سے
جو اپنے سوز میں جل جل کے خود بے حال ہوتی ہے
جہاں لیلیٰ نقاب رخ الٹ کر مسکراتی ہے
جنوں کی انتہا دیدار زلف و خال ہوتی ہے
جنون عشق کو چاک گریباں شرط ہے لیکن
تن عریانی کہیں آئینۂ احوال ہوتی ہے
چمک ساری یہ محفل رزم شمع آخر شب ہے
ہر قت شام پیشانی اگر دوں لال ہوتی ہے
تماشہ دیکھ دل دام خرد میں کچھ آتا ہے
خرد اپنے ہی ہاتھوں کس طرح پامال ہوتی ہے
جنوں ہو یا خرد شورش پسندی وجہ ذلت ہے
سبک رو چال تیری دیکھ رشک حال ہوتی ہے
جو تھا راہ خرد میں مزرع رنگین تر نکلا
جسے دعوے تھے سنگینی کے نکلا وہ حباب اس

●

سنبھل ... ...
ازل سے فرد فطرت ہے دل مسلم کا سیمابی
تصور عشق کا پھر ڈال جائے گا قزاقی
ہوئی سوز محبت کی دل مسلم میں کمیابی
تجھے تیمور کی رازِ عشق کی تفسیر کیا دیتے
فقط علم براہیمی ذبیح اللہ کی بیتابی
وہ کوئی قوم ہو گر عشق کی گرمی سے ہے خالی
تو ... ... اس سے شان قزاقی

●

ہے محور زندگی کا آہنی آلات مغرب میں
بقائے زندگی کے واسطے کتنی ہے بے تابی
پئے مغرب یہ نکتہ آج بھی راز نہانی ہے
کمال عشق میں پنہاں حیات جاودانی ہے

●

پریشاں اس قدر ہے قوم مسلم کس لیئے ہے تو
تجھے حق کے لیئے اک بار پھر طوفان ہونا ہے
نہ گھبرا اپنے سر پہ اٹھتی ہوئی کالی گھٹاؤں سے
اٹھے گا کر زندگانی کا ترے سامان ہونا ہے
افق پر مشعل ایمان تیری ... کر چکا ہے
تیرے کردار کو حق کے لیئے برہان ہونا ہے
تقاضائے وقت ہے کہ عظمت کردار سے تیرے
شعار ظلم کو پھر صاحب ایمان ہونا ہے
ابھی اس تشنگی سے دل سے طوفان کو گزرنا ہے
زمین و عشق ابھی اس راہ کو آسان ہونا ہے
جنون آخر ... گا ... ...
رکھو گے اپنے دل کو جاناں ... ...

اقبال اور عورت

رحمٰن آذر

عورت خدا کی حسین ترین تخلیق ہے۔ شاید اسی لئے حالی نے کہا تھا:

اے ماؤ، بہنو، بیٹیو، دنیا کی زینت تم سے ہے

شاعرِ مشرق علامہ اقبال عورت کی عظمت کو مزید اُجاگر کرنے کے لئے کہتے ہیں:

وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ
اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوزِ دروں
مکالماتِ فلاطوں نہ لکھ سکی لیکن
اسی کے شعلے سے ٹوٹا شرارِ افلاطوں

دوسرے مشہور ادیبوں اور شاعروں کی طرح اقبال نے بھی عورت پر بہت کچھ لکھا ہے۔ اردو کے ساتھ فارسی کلام میں بھی عورت کا ذکرِ جمیل جابجا ملتا ہے۔ کچھ عنوانات ملاحظہ فرمائیے: "پردہ" "آزادیٔ نسواں" "عورت کی حفاظت" "عورت اور تعلیم"۔

تاریخِ انسانی بتاتی ہے کہ مختلف زمانوں میں عورت کا مقام سماج میں مختلف رہا ہے۔ ایک وقت وہ تھا جب لڑکیوں کو پیدا ہوتے ہی زندہ دفن کر دیا جاتا تھا۔ عورتوں کو جوئے میں داؤ پر لگا دیا جاتا تھا۔ جب کسی عورت کا شوہر مر جاتا تو شوہر کے ساتھ اس عورت کو بھی چتا میں دھکیل دیا جاتا۔ مختصر یہ کہ دنیا کے تمام سماجوں میں عورت مظلوم و مجبور رہی۔ تقریباً ہر سماج میں عورتوں کو ثانوی درجہ دیا گیا۔ دنیا کی تاریخ اٹھا کر دیکھئے، کتنی حکمران خواتین یا فن کار خواتین ملیں گی؟ مردوں کے مقابلہ پر اس فہرست میں چند نام ہی دکھائی دیتے ہیں۔ انگریزی کی ایک مشہور ناول نگار خاتون کو تو اپنا نام بھی مردانہ (جارج ایلیٹ) رکھنا پڑا تھا کیوں کہ اس زمانے میں برطانیہ میں کسی عورت کا ناول لکھنا نہایت قابلِ اعتراض سمجھا جاتا تھا۔ اسی طرح سے ایک مسلمان خاتون "بی بی جان" نے (جن کا مزار پونا میں ہے) تصوف کے اعلیٰ مدارج طے کئے لیکن چونکہ تصوف میں بھی عورت کا کوئی خاص مقام نہیں، اسی لئے وہ بی بی جان سے "بابا جان" بن گئیں۔

آج کی دنیا میں [illegible] عورت [illegible] "نصف بہتر" کہلاتی ہے۔ مگر حقیقت کچھ اور ہی ہے۔ ایک زمانہ تھا جب عورت کی زندگی گھر کی چار دیواری تک ہی محدود تھی۔ وہ دور دنیا کے کافی حصوں میں بیت چکا۔ اگر آج عورت پر کسی قسم کا ظلم ہو تو وہ دبی زبان سے کیا، بآوازِ بلند اس کا اظہار کرے گی۔ آج کل تو عورتوں کے مظاہرے بھی ہونے لگے ہیں۔

دوسرے الفاظ میں آج عورت مرد کے شانہ بشانہ زندگی کے ہر شعبہ میں نظر آتی ہے — یہاں تک کہ مردوں کے لئے مخصوص میدانوں میں بھی عورتیں دکھائی دیتی ہیں۔ اقبال عورت کی ترقی کے مخالف نہیں، مگر وہ چاہتے ہیں کہ عورت دنیاوی اعتبار سے لاکھ ترقی کرے لیکن اس کا کوئی روپ قابلِ نفرت نہیں ہونا چاہئے اور اسے زیورِ حیا سے بہر صورت آراستہ رہنا چاہئے۔ اقبال نوجوان عورتوں سے یوں خطاب کرتے ہیں:

حیا نہیں ہے زمانے کی آنکھ میں باقی
خدا کرے کہ جوانی رہے تری بے داغ

یوں تو عورت کا ہر روپ ہماری سماجی زندگی میں اہم ہے لیکن "ماں" عورت کا بہترین روپ ہے، کیوں کہ بقول اقبال ؎

پل رہی ہے ایک قومِ تازہ اس آغوش میں

اقبال خود اپنے "عہدِ طفلی" کا یوں ذکر کرتے ہیں:

تھے دیارِ نو زمین و آسماں میرے لئے
وسعتِ آغوشِ مادر اک جہاں میرے لئے

عورت کا حسن عارضی ہونے کے ساتھ ساتھ ابدی بھی ہے۔ انگریزی کے مشہور ادیب اے، جی گارڈنر ایک جگہ لکھتے ہیں "کیا کوئی جوانی میں ہی حسین نظر آتا ہے؟ ڈوبتے ہوئے سورج میں بھی کشش ہوتی ہے۔ صبح کا منظر بھی حسین، شام کا منظر بھی حسین!" اسی لئے حسن عارضی ہونے کے ساتھ ساتھ ابدی بھی ہے، کیوں کہ جو حقیقتِ حسن سے واقف ہیں وہ چہرے کی جھریوں کو صرف ماضی کے نقوش سمجھتے ہیں۔ آئیے "حقیقتِ حسن" اقبال کی زبان سے سنیں:

خدا نے حسن سے اک روز یہ سوال کیا
جہاں میں کیوں نہ مجھے تو نے لازوال کیا
ملا جواب کہ تصویر خانہ ہے دنیا
شبِ درازِ عدم کا فسانہ ہے دنیا

اور "جلوۂ حسن" کا کرشمہ بھی تو دیکھئے:

ابدی بنتا ہے، یہ عالمِ فانی جس سے
ایک افسانۂ رنگیں ہے جوانی جس سے

اگر عورت یہ سمجھے کہ اس کا وجود گھر، [illegible] زندگی کو خوش گوار بنانے کے لئے ہے اور وہ اپنے ہر روپ کے چراغ کو حیا کے دامن سے بچا لے تو وہ اپنے آپ کو ایک بڑی طاقت ثابت کر سکتی ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ جو قوم اپنی عورتوں کو قوم کی بنیاد تصور نہیں کرتی وہ کبھی پنپ نہیں سکے گی۔

نذرِ اقبال

منظوم خراجِ عقیدت

بجز تعمیرِ ملت ابتدا کیا انتہا کیا ہے
بجز دینِ مبین اقبال کے دل کی صدا کیا ہے

کچھ آہوں کے خزینے ہیں کچھ اشکوں کے سفینے ہیں
کہ اک درویش کے دامن میں بجز داغِ وفا کیا ہے

نہ اس کو فلسفہ کہئے نہ اس کو شاعری کہئے
دلِ دردآشنا کے واسطے حرف و نوا کیا ہے

نہ اس کو قوم و رنگ و نسل کی زنجیر پہناؤ
متاعِ اہلِ بینش دل نوازی کے سوا کیا ہے

سجا رکھا ہے اس نے اپنا دامن آرزوؤں سے
دلِ آتش نوا کا دیکھئے تو ماجرا کیا ہے

عصائے موسوی پھر آج فرعونوں کو کھا جائے
حدودِ بندگی کیا ہیں مقامِ کبریا کیا ہے

دلِ محزوں اک آتش خانہ ہے آرائشی کا
تمہاری بزم میں اہلِ زباں طرزِ ادا کیا ہے

خلائق کیا ہیں جن پر ہم ہیں پابندِ الم شاہین
سوائے حسرتِ تعمیر اب دل میں رہا کیا ہے

برتر از اندیشۂ سود و زیاں ہے زندگی
ہے کبھی جاں اور کبھی تسلیمِ جاں ہے زندگی

تو اسے پیمانۂ امروز و فردا سے نہ ناپ
جاوداں، پیہم دواں، ہر دم جواں ہے زندگی

اپنی دنیا آپ پیدا کر اگر زندوں میں ہے
سرِّ آدم ہے، ضمیرِ کن فکاں ہے زندگی

بندگی میں گھٹ کے رہ جاتی ہے اک جوئے کم آب
اور آزادی میں بحرِ بیکراں ہے زندگی

قلزمِ ہستی سے تو ابھرا ہے مانندِ حباب
اس زیاں خانے میں تیرا امتحاں ہے زندگی

خوانِ نعمت

دودھ کے کٹلیٹس

آدھا کلو بکرے کے بغیر چربی کے چاپ
تین یا چار پیالی بھر دودھ
نمک حسبِ ذائقہ
نصف پیالی بھر دہی۔
پاؤ پیالی بھر بیسن۔
گھی تلنے کے لئے۔
آدھا انچ کا ٹکڑا دارچینی
ایک چائے کا چمچہ بھر سونف
پاؤ چمچہ بھر کٹی ہوئی سونٹھ

چاپ، نمک اور دودھ ایک دیگچی میں ڈال کر پکنے کے لئے رکھ دیں۔ ساتھ ہی کسی باریک کپڑے میں دارچینی، سونف اور سونٹھ کی پوٹلی بنا کر ڈال دیں۔ اگر پریشر ککر ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ دودھ اتنا ہونا چاہئے کہ چاپ دودھ میں ڈوب جائیں۔ چاپوں کو دودھ میں اس وقت تک پکائیں جب تک چاپ گل نہ جائیں۔ جب دودھ بالکل خشک ہو جائے اور چاپ بالکل گل جائیں تو آنچ سے اتار لیں۔

دہی پھینٹ کر اس میں بیسن چھان کر ملا دیں۔ ذرا سا نمک بھی ملا دیں۔ اب چاپوں کو اس میں لتھیڑ کر فرائی پان میں تلیں۔ سرخی مائل ہونے پر کاغذ پہ اتاریں تاکہ فاضل گھی کاغذ میں جذب ہو جائے۔ گرم گرم نوش فرمائیں۔

دودھ ٹماٹر کی لذیذ بھاجی

چار درمیانہ سائز ٹماٹر۔
دو پیالی بھر دودھ۔
چار ہری مرچیں۔
ایک چھوٹا ٹکڑا ادرک۔
چند ہرے دھنئے کی پتیاں۔
ایک درمیانہ سائز پیاز۔
ایک ہلکا چائے کا چمچہ بھر نمک۔
پاؤ پیالی بھر پگھلا ہوا گھی۔

سب سے پہلے ٹماٹروں کو دھو کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں۔ ایک ٹماٹر کے آٹھ ٹکڑے ہونے چاہئیں۔ ہری مرچوں کو بھی موٹا موٹا کتر لیں۔ اب ایک دیگچی میں ٹماٹروں کے ٹکڑے، ہری مرچیں، دودھ اور نمک ڈال کر آنچ پر رکھ دیں، اور پندرہ بیس منٹ تک پکنے کے لئے چھوڑ دیں۔ تاکہ دودھ پھٹ کر پنیر کی گولیاں سی بن جائیں۔ تھوڑا تھوڑا چمچہ چلاتی رہیں تاکہ جلنے نہ پائے۔

اب ایک علیحدہ دیگچی میں گھی، پیاز اور ادرک کا باریک کچومر کر کے ڈال دیں اور دیگچی آنچ پر رکھ دیں۔ جب پیاز اور ادرک ہلکی بادامی ہونے لگے تو آنچ سے اتار لیں۔ پھر پیاز اور ادرک گھی سمیت ٹماٹروں والی دیگچی میں ڈال دیں۔ دو چار منٹ پکائیں۔ جب ٹماٹروں کا پانی بالکل خشک ہو جائے تو اتار لیں۔ اوپر سے ہرے دھنئے کی پتیاں چھڑک دیں۔ تیاری پر یہ بھاجی ہیجے سالن کا سا مزا دے گی۔

گاجر کا گجریلا

اشیاء۔ گاجر دو سیر، چینی ڈیڑھ سیر، دودھ پانچ سیر، چاول نصف پاؤ، کھویا ایک سیر، بادام گری ایک پاؤ۔

ترکیب۔ گاجروں کو کدوکش کر کے دیگچی میں پکانے کے لئے رکھ دیں [illegible] دیکھیں آنچ [illegible] پانچ [illegible] جوش [illegible] دودھ [illegible] ڈال دیں [illegible] خوب پکے [illegible] چاول [illegible] جائیں [illegible]

[illegible]

بہترین گجریلا تیار ہے۔

کرم کلے کے کوفتے

اشیاء۔ بند گوبھی جسے کرم کلا کہتے ہیں آدھا سیر یا تین پاؤ۔ پیاز ایک پاؤ۔ ہرا دھنیا، ہری مرچ، ٹماٹر، گرم مصالحہ، انار دانہ یہ سب حسبِ منشا۔

ترکیب۔ پہلے کرم کلا اچھی طرح دھو لیں۔ پھر کسی کھلی پتیلی میں صاف پانی ڈال کر کرم کلا کو ڈال کر ڈھکن اچھی طرح بند کر کے پکنے کو رکھ دیں۔ دس منٹ بعد کھول کر دیکھیں گل گیا ہوگا۔ جب تک ٹھنڈا ہو آپ مصالحہ بھون لیں۔ اور پیاز، ہری مرچ، ہرا دھنیا ان سب کو باریک کتر لیں۔ اسی میں انار دانہ بھی ملا دیں اور گرم مصالحہ کو الگ پیس لیں۔ اب کرم کلے کو پیس لیں۔ جب پیس لیں تو اسی میں یہ کترا ہوا مصالحہ ڈال کر کوفتے بنائیں اور فرائی پین میں تل لیں۔ جب سرخی مائل ہو جائیں تو اتار لیں۔ کھانے سے دو منٹ پہلے اسے بھنے ہوئے مصالحہ میں ڈال دیں۔ اس کے اوپر گرم مصالحہ اور ہرا دھنیا بھی چھڑک دیں۔ نہایت مزیدار لگیں گے۔ (نوٹ۔ اس کا پانی پھینکئے نہیں بلکہ اس سے مصالحہ بھونئے اور اسی میں ڈالئے۔)

سندھ میں بیس پچیس سال جرائد سندھو دیش کا پرچار کر رہے ہیں ظہور الٰہی

ہمیں آئینی حقوق سے محروم نہیں رکھا جا سکتا

وزیر اعظم معتبریت کھو چکے ہیں : مفتی محمود

[illegible]

حکومت مخالفین کو طاقت کے زور سے مرعوب کرنے اور ان کے ضمیر خریدنے کی پالیسی پر گامزن ہے

لیاقت باغ میں متحدہ قومی محاذ کو جلسہ عام کرنے کی اجازت نہیں دی گئی : میاں طفیل محمد

[illegible]

موذنین کی تربیت کا دوسرا کورس

لاہور ـــــ محکمہ اوقاف میں موذنین کی تربیت کا دوسرا کورس آج شروع ہو گیا ہے۔ موذنین کے تلفظ، حسن صوت اور رفعت صوت کی تربیت و اصلاح کے یہ کورس حکومت کی اسلامی خدمات کے سلسلے کی ایک کڑی ہیں۔ دنیا بھر کے مذاہب میں لوگوں کو عبادت کے لئے جمع کرنے کے جو طریقے رائج ہیں ان میں اذان بلا شبہ ایک انتہائی حسین اور پروقار طریقہ ہے ... [illegible]

تمام شہروں کو براہ راست ڈائلنگ نظام کے ذریعے تین برسوں میں ملا دیا جائے گا

[illegible]

سعودی سفیر کا اظہار تشکر

[illegible]

شمالی امریکہ میں پی آئی اے کے پانچ نئے دفاتر

شمالی امریکہ میں پی آئی اے کے جنرل منیجر جناب رشید فاروق نے فرمایا کراچی اور نیویارک کے درمیان کاروباری سامان کی آمد و رفت کے لیے پی آئی اے جان ایف کینیڈی ایرپورٹ پر اپنے نئے کارگو ٹرمینل (CARGO TERMINAL) کا اضافہ کر رہی ہے۔

بڑھتے ہوئے کاروبار اور شمالی امریکہ میں پاکستانیوں کی سہولت کی خاطر پاکستان انٹرنیشنل ایرلائنز نے پانچ نئے دفاتر کھولنے کا اعلان کیا ہے۔

نئے دفاتر ٹورنٹو، مونٹریال، میامی، ریلے، اور اٹلانٹا میں کھولے جائیں گے۔ پی آئی اے کے پہلے آٹھ دفاتر نیویارک، واشنگٹن، شکاگو، ہیوسٹن، لاس اینجلز، سان فرانسسکو، مونٹریال اور ٹورانٹو میں سرگرم عمل ہیں۔

پچھلے ہفتے نیویارک پی آئی اے کے ہیڈکوارٹرز میں تمام ڈسٹرکٹ سیلز منیجروں کی میٹنگ بلائی گئی جس میں ... اضافہ ... اور زیادہ حرکات پیدا کرنے کے اسباب پر غور کیا گیا۔

پاکستان اور بھارت میں معاہدے پر دستخط

[illegible]

پی آئی اے نیویارک کے جنرل منیجر جناب رشید فاروق (درمیان میں) ڈسٹرکٹ منیجرس اور منیجرس کے ساتھ

ایران توسیع پسندانہ عزائم نہیں رکھتا : شہنشاہ ایران

[illegible]

ہم نے بہت کچھ کیا لیکن پھر بھی تعریف کے مستحق نہیں ٹھہرے

سیلاب آئے۔ بارشیں نہ ہوں یا پہاڑوں پر برف نہ پڑے۔ قصور بہرحال ہمارا ہی ہوتا ہے : بھٹو

[illegible]

داتا دربار کے قریب ایک کروڑ روپے کے خرچ سے لاہور کی دوسری سب سے بڑی مسجد تعمیر کی جائیگی

[illegible]

FOR SALE
N. MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
449-4317
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

رہائشی، دیہاتی، کمرشیل، اور فارم وغیرہ کی جائیدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کا بندوبست کرنے میں ہر قسم کی مدد مہیا کی جاتی ہے۔ خدمت کا موقع دیجیئے۔
۱۵ سالہ بین الاقوامی اور مقامی ریئل اسٹیٹ کا تجربہ۔ ٹورانٹو کے پہلے پاکستانی بروکر۔

نسیم مظفر ـ بروکر

N MUZAFFAR
BROKER

WILLOWDALE

نئی انٹاریو لاٹری کا تعارف

یہ ہماری اپنی لاٹری ہے اور ہم سب کی جیت ہے

حرف ایک ڈالر کے عوض آپ بلا ٹیکس ایک لاکھ ڈالر جیت سکتے ہیں۔

جی ہاں! یہاں انٹاریو میں ہی ہماری اپنی لاٹری ہوگی۔ ہم اسے ونٹیریو (WINTARIO) کے نام سے پکاریں گے۔ ہر دو ہفتے بعد نئی قرعہ اندازی ہوگی جس کا سب سے بڑا انعام بلا ٹیکس مبلغ ایک لاکھ ڈالر ہوگا اور دیگر تیرہ سو پچاس (۱۳۵۰) مزید رقمی انعامات ہوں گے۔ اس سے انٹاریو کے تمام لوگ بے حد مسرور ہوں گے۔

ٹکٹ کی قیمت حرف ایک ڈالر ہے اور یہ تقریباً ہر جگہ دستیاب ہوں گے۔ مثلاً سگار اسٹور، نیوز اسٹینڈ، گیس اسٹیشن، دودھ کے اسٹور، گروسری اسٹور اور ریسٹورانٹ وغیرہ .....

لیکن یہ حرف ابتداء ہے۔ بذریعہ وزارت معاشرہ اور تفریح "لاٹری" سے حاصل کردہ لاکھوں ڈالر یہاں انٹاریو میں انواع و اقسام کے مشغل اور سہولتیں مہیا کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ جن سے ہم سب لطف اندوز ہو سکیں گے۔ دیکھا آپ نے! "ونٹیریو" سے ہم سب کی جیت ہے۔

معاشرت اور تفریح کی عظیم جیت

ونٹیریو سے حاصل کردہ رقم کے درحقیقت کئی مصارف ہوں گے۔ عظیم الشان کھیل کود کے مقابلے مثلاً انٹاریو کے موسم گرما کے کھیل، نیز چھوٹے موٹے کھیل کود آپ کے اپنے شہر میں اور رہنمائی کے مراکز جہاں سے ہمارے بچے بہترین تربیت حاصل کر سکیں۔

اور ونٹیریو صوبے کے طول و عرض کے سینکڑوں تاریخی و تحفظ کے منصوبوں میں مددگار ثابت ہوگی۔ مقامات جیسے سینٹ میری (STE. MARIE)، ہیورانز (HURONS) میں نینسی آئی لینڈ میوزیم (NANCY ISLAND MUSEUM)، اولڈ فورٹ ولیم (OLD FORT WILLIAM) اور مثال کے طور پر انٹاریو ہیریٹیج فاؤنڈیشن (ONTARIO HERITAGE FOUNDATION) کے کام سے اپنے ماضی کا تحفظ۔

لاٹری کے جمع کردہ ڈالر سے انٹاریو آرٹ کونسل (ONTARIO ART COUNCIL) جیسی تنظیموں کو بھی گرانقدر مدد ملے گی۔ بڑی آرٹ پروگراموں کیلئے جیسے کلائن برگ (KLEINBURG) کی میک مائیکل کلیکشن (McMICHAEL COLLECTION)۔ بڑی آرٹ گیلریاں جیسے انٹاریو آرٹ گیلری اور چھوٹی مقامی آرٹ گیلریوں کے لیئے۔ مقامی مصوروں، کمہاروں اور اقسام تراشوں کے لیئے امداد تاکہ وہ تخلیق و ترقی پر گامزن رہیں۔ اور تمام صوبے کے ہر عمر کے موسیقاروں کے لیئے حتیٰ کہ چھوٹی بستی کے قصبوں کی دکانوں سے لے کر بڑے شہر کی محفل موسیقی تک۔ مزید رقم برائے ناٹک، ڈرامہ سوسائٹی، جدید اور لوک ناچ پیش کرنے والوں کی امداد کیلئے اور شہریت اور برادری کے پروگراموں جیسے خانۂ خوش آمدید (WELCOME HOUSE) اور تحفظ شہریت کے لیئے۔

۱۵ مئی ان سب کی شروعات ہے۔

ونٹیریو ۱۵ مئی سے شروع ہو رہا ہے۔ یہ پہلی قرعہ اندازی ہے اور اس کے بعد ہر دو ہفتوں میں ایک قرعہ اندازی ہوگی۔ ہر دو ہفتے۔ اس پہلے قرعہ کے لیئے ٹکٹ حاصل کرنا نہ بھولیئے۔ ٹکٹوں کی فروخت اپریل میں شروع ہوگی۔ قیمت مبلغ ایک ڈالر ہے۔ ہمیں یقین واثق ہے کہ کسی نہ کسی طرح آپ جیتیں گے ضرور۔ "ونٹیریو" سے ہم سب کی جیت ہے۔

wintario

ONTARIO LOTTERY CORPORATION

جائیداد خریدنے کے اس موزوں وقت سے فائدہ اٹھائیے

کمرشل اور انڈسٹریل جائیداد

SOLD

SULTAN QURESHI
2 MILLION DOLLAR
ACHIEVEMENT AWARD

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W., Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 676-9377

Complete Real Estate Service Throughout Ontario

مشرقی پاکستان کو مجیب اور بھارت کے استعمار سے نجات دلائی جائے گی

جلاوطن حکومت کے سربراہ مسٹر محمد علی عباسی کا اعلان

مسٹر اے۔ ایم۔ عباسی چیف ایڈمنسٹریٹر
جلاوطن حکومت مشرقی پاکستان

سردار داؤد کے حکم پر مسجد کو شہید کر دیا گیا

سندھ میں کسی بھارتی ہندو کو آباد نہیں کیا گیا: خان قیوم

ہسپتالوں میں ضروری دواؤں کی کوئی کمی نہیں: قومی اسمبلی کا وقفہ سوالات

بنگالی مجیب کی قیادت میں متحد ہیں اور سرحد کے عوام بٹے ہوئے ہیں: مسٹر جی ایم گاندھی

بھارت چین کا پابند ہے: اندرا عبداللہ گٹھ جوڑ سے کشمیر کی حیثیت تبدیل نہیں ہوئی

گٹھ جوڑ شملہ معاہدے کی روح کے منافی نہیں

کشمیریوں کو حق خود ارادیت سے محروم نہیں کیا جا سکتا

ڈان کراچی کے دفتر میں

بم کا دھماکہ

متعدد افراد زخمی ہو گئے

وزراء اور سرکاری حکام نے

باقاعدگی سے نماز ادا نہ کی

تو ان کے خلاف سخت کارروائی

کی جائے گی: صدر عدی امین کا انتباہ

کراچی ــــ خاکی وردی میں ملبوس لڑکیاں بیل باٹم پاکستان کے موقع پر پریڈ میں شریک ہیں (فوٹو اے پی پی)

وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لیے تحفہ لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔
مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر وغیرہ یورپ سے براہ راست پاکستان بھجوائیے
خوابوں کی تعبیر۔ خواہشوں کی تکمیل کا مرکز



AAlice International
Unique Trade & Commerce
P. O. Box 368 STATION
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO- CANADA
Phone: (416)459-0820

پندرہ روزہ

کریسنٹ

ٹورنٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

سُن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (القرآن)

امیگریشن پر گرین پیپر

سنہ ۱۹۶۷ء سے کینیڈا کی امیگریشن پالیسی دنیا بھر میں نسلی، قومی اور تہذیبی مساوات کی ایک بہترین مثال ہے۔ ممکن ہے کہ کچھ لوگوں کو کہ جو کٹر متعصب اور کینہ پرور لوگوں سے واسطہ پڑا ہو۔ مگر اس قسم کے لوگ بدقسمتی سے دنیا کے ہر حصے اور ہر ایک ملک میں پائے جاتے ہیں۔ جو ذات، فرقہ اور ظاہری رنگت کی وجہ سے تمیز کرتے ہیں۔ مگر اس کے باوجود دنیا بھر میں کوئی ملک ایسا نہیں ہے جو یہاں آنے والوں کو اس طرح خوش آمدید کہتا ہو جیسا کہ کینیڈا۔

اس وقت مسئلہ یہ ہے کہ کیا ہم اپنے اس پیارے ملک کو ایسا ہی یا اس سے بہتر بنا سکتے ہیں۔ کینیڈا کے محکمہ امیگریشن نے امیگریشن پر گرین پیپر نکالا ہے جس میں ہر طرح کی معلومات اور مشاورتی مباحثے ہیں۔ حکومت یہ چاہتی ہے کہ افراد انفرادی طور پر یا اپنی انجمنوں کے ذریعے امیگریشن کے قانون پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ یہ حکومت ہمیں موقع دے رہی ہے کہ ہم یہ بتائیں کہ ہم اور ہماری آنے والی نسلوں کے لیے کس قسم کی امیگریشن پالیسی کے خواہاں ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ امیگریشن پالیسی میں کسی قسم کا نسلی امتیاز نہ ہو تو آپ کو حق ہے کہ اپنی بات متعلقہ افسران اور اپنے مقامی منتخب شدہ نمائندوں تک پہنچائیں۔

کینیڈا میں اگر آپ قانونی امیگرنٹ ہیں تو بھی آپ کا اس سلسلے میں آواز بلند کرنے کا اتنا ہی حق ہے جتنا کہ یہاں کے پیدائشی شہری کا۔ لہٰذا آپ جیسی بھی امیگریشن پالیسی چاہتے ہیں اس کے بارے میں حکومت کو لکھیئے۔ اپنے اپنے علاقے کی مقامی سیاسی اور قومی سیاسی انجمنوں میں شرکت کرکے اپنی آواز آگے پہنچایئے۔ اپنے علاقے کے ایم۔پی۔ سے یہ بات کہیئے۔ یاد رکھیئے کہ آج آپ جو کچھ بھی کریں گے اس کا اثر آپ کی اولاد پر ہونے والا ہے۔ کیا آپ نہیں چاہتے کہ آپ کے بچے ایک غیر متعصب ماحول میں زندگی ...

یہ بھی ذہن نشین رکھیئے کہ اس ملک میں کچھ ایسے افراد بھی ہیں جو امیگریشن پالیسی میں نسلی امتیاز کے خواہاں ہیں اور وہ رائے عامہ کو ہموار کرنے کے لیے ہر قسم کے پروپیگنڈا ہتھیار استعمال کر رہے ہیں۔ اگر آپ آج خاموش رہے تو عوامی ووٹ حاصل کرکے اقتدار تک پہنچنے والے سیاسی لیڈروں کے پاس ان کی باتیں سننے کے علاوہ کوئی چارہ نہ ہوگا۔

اگر آپ کو حکومت کی امیگریشن پالیسی کے بارے میں کوئی شکایت رہی ہو تو اس کے خلاف آواز اٹھایئے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے عزیز و اقارب یا بہن بھائی آپ کے مشورے کے مطابق یہاں قانونی امیگرنٹ کی حیثیت سے آنے کی اجازت پائیں تو اس کا اظہار کیجیئے۔

اپنی آواز اس موقع پر بلند کرکے نہ صرف آپ اپنے اور اپنے لواحقین کے لیے بہتر مستقبل کا راستہ ہموار کریں گے بلکہ اس ملک کے شہری کی حیثیت سے اپنا ایک فرض بھی ادا کر رہے ہوں گے۔

اقبال کا ایک شعر

تحریر: محمد شریف بقا (لندن)

بدر ہیں ... کے یہ نگاہ تماشائی ہے منتخب
... کی نظر ... میں جمالی ہے منتخب

ایک ... اور ساری حقیقت ہے کہ اتحاد کے بغیر کوئی ... ملک مستحکم اور ترقی یافتہ نہیں ہو سکتا۔ یہ ایک ... کا مشاہدہ ہے کہ جب تک کسی عمارت کے تمام اجزاء میں مکمل ہم آہنگی موجود نہ ہو وہ عمارت مضبوط دکھائی دیتی ہے اور نہ ہی زیادہ عرصے تک موسمی تغیرات اور ناساعد حالات کا مقابلہ کرنے کی سکت رکھتی ہے۔ جس طرح گھریلو زندگی کو خوشگوار، پرامن اور مستحکم بنانے کے لئے خاندان کے افراد میں یکجہتی اور اتحاد کا وجود لازمی ہے اسی طرح کسی معاشرے یا ملک کو زیادہ دیر تک قائم و دائم رکھنے کے لیے وحدت فکر و عمل اشد ضروری ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ بوقلمونی کائنات کا ایک اٹل اصول ہے لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا درست نہیں کہ مختلف چیزوں اور انسانوں کے درمیان رشتۂ وحدت قائم نہیں ہو سکتا۔ یاد رکھیئے ظاہری اختلافات کے باوجود بھی اشیاء اور افراد میں یگانگت برقرار رکھی جا سکتی ہے اگر انسانوں میں اس لازمی اتحاد کا باہمی رشتہ قائم نہ ہوتا تو آج دنیا کی بیشتر ایجادات مختلف عناصر کے ساتھ مل کر معرض وجود میں نہ آتیں۔ قدرت کا یہ منشا ہے کہ جزوی اور ظاہری اختلافات کے پس پردہ باہمی اتحاد اور موانست کا ایک نظام موجود ہے۔ اسی جذب باہمی کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے شاعر مشرق اور نباض ملت علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں:

ہے جذب باہمی سے قائم نظام سارے
پوشیدہ ہے یہ نکتہ تاروں کی زندگی میں

اگر کسی قوم میں نظریاتی اتحاد اور فکری ہم آہنگی ختم ہو جائے تو وہ قوم بہت جلد زوال پذیر ہوکر اغیار کی غلام بن جایا کرتی ہے۔ اتحاد ایک ایسی قوت ہے جو ... سے مختصر سے ذات کو بھی توانائی اور مضبوطی کی جماعت کر بنیان مرصوص بنا دیتی ہے۔ اس کے برعکس اگر بہت بڑی جماعت میں باہمی اتحاد مفقود ہو جائے تو کثیر التعداد ہونے کے باوجود بھی وہ جماعت دوسروں پر غالب نہیں آ سکتی۔ یہ ایک عالمگیر حقیقت ہے جس سے انکار ناممکن ہے۔ دنیا کی مختلف قدیم تہذیبیں اور قومیں اس آفاقی حقیقت کو مختلف ادوار میں دہراتی رہی ہیں۔ دنیا کے موجودہ سیاسی حالات خصوصاً مشرق وسطیٰ کی باہمی کشمکش نظریات کے اسی اصول کی عملی تعبیر ہے۔

علامہ اقبالؒ ہمیشہ سے متحد ہونے کا درس دیتے رہے ہیں۔ کیونکہ ان کی مخلصانہ کوشش تھی کہ مسلمان دنیا کے مختلف خطوں میں رہنے کے باوجود بھی اپنی نظریاتی وحدت کو برقرار رکھیں۔ آج پاکستان جن نازک حالات سے دوچار ہے۔ وہ بھی بخوبی معلوم ہیں۔ نظریاتی اتحاد کی گرفت ڈھیلی ہوتے ہی ہمارے اندر مختلف قسم کے غلط تعصبات پیدا ہو چکے ہیں جو علاقائیت، لسانی اختلافات اور جغرافیائی دوری کے سہارے ملک و ملت کے شیرازہ کو منتشر کرنے کے لئے ہر طرح کے عناصر کام کر رہے ہیں۔ اس انتشار و افتراق کو عام کرنے میں اپنوں کی سادہ لوحی اور غیروں کی دانستہ کوششوں کو کافی دخل ہے۔ انتشار پسندوں کے گروہ میں کچھ ایسے بزدل اور "دوست نما دشمن" بھی شامل ہیں جن کی عقیدت کا مرکز پاکستان کی بجائے کہیں اور ہے۔ یہ سیاسی نقاب پوش خاص حالات کے تحت کام کرنے کے عادی ہیں اور ملی مرکزیت کی افادیت کو کم کرنے کے لئے یہ مختلف ہتھکنڈے استعمال کیا کرتے ہیں۔ یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ جب ... ختم ہو جاتی ہے تو وہ بہت جلد زوال پذیر ہو جاتی ہے۔ اس حقیقت کو اقبالؒ نے بڑے ہی بلیغ انداز میں یوں بیان کیا ہے:

... قوموں کے لئے موت ہے مرکز سے جدائی
...

اقبالؒ ... کے ... کا احساس ترقی کی بجائے ... اور روحانی ... میں گم ہو کر رہ گیا ہے اپنی کاوشوں نظریاتی اتحاد میں ... سے محروم ہوتے جا رہے ہیں بلکہ انہیں اس کا احساس نہیں:

وائے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا

خدا کرے ہمارے ... قوت کو بحال کر ... قومی ... احساس پیدا ہو۔

غمِ ناگاہ
شاہ فیصل کی شہادت پر

چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا
سوگوار آج ہے ملک بھر کی فضا ۔ اوڑھ لی صبح نے شامِ غم کی ردا
ہر بشر کا ہے دل آج ٹوٹا ہوا
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا
ساری دنیائے اسلام غمگین ہے ۔ آج مفقود مسلماں کی تسکین ہے
بجھ گیا کعبۂ جاں کا روشن دیا
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا
یہ مشیت کا کیا قلم اٹھ گیا ۔ موت کا کس طرف یہ قدم اٹھ گیا
اب مسلماں ہیں اور ورطۂ ابتلا
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا
اشک آنکھوں میں ہیں لب پہ آہ و فغاں ۔ الحفیظ الحفیظ، الاماں الاماں
جس طرف دیکھیے بے بسی کی فضا!
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا!
آہ وہ سربراہِ عرب چل بسا ۔ جس کو کرتی تھی دنیا ادب چل بسا
چشمِ مومن میں پھرنے لگی کربلا
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا!
رات بھر ماہ و پرویں کی لو کم رہی ۔ خاک کے ذرے ذرے کی ضو کم رہی
مرگ و ہستی میں کم رہ گیا فاصلہ
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا
کر رہے ہیں دلوں سے عزائم سفر ۔ حیرتوں میں ہیں ڈوبے ہوئے بام و در
ہو گیا پست ہر فرد کا حوصلہ
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا
وہ سیاسی بصیرت کا انساں گیا ۔ جس کا دل سوز سے تھا درخشاں گیا
آج خاموش ہے نغمہ زارِ وفا!
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا
تھا وہ اک پیکرِ اتحاد و عمل ۔ خیرخواہ جری جاں نثار اجل
مومنِ دیں نگر، پیکرِ اتقا
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا!
تھا وہ مخلص بھی، غمخوار بھی شاہ بھی ۔ اس سے خوش تھے نبی بھی خوش تھے اور اللہ بھی
فطرتاً تھا وہ اک عادل و رہنما!
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا
زندگی میں نشاط و شجاعت ملی ۔ موت پائی تو اعلیٰ شہادت ملی
سب کے ہونٹوں پہ ہے مغفرت کی دعا
چل بسا پاسبانِ حرم چل بسا!

احسان مالک

نورِ بصیرت

میاں عبدالرشید

کامیاب ترین شخصیت

قرآن پاک میں حکم تھا "اے رسولؐ! جو تعلیم ا تجھ پر نازل کی گئی ہے اسے (دوسروں تک) پہنچا دو" (سورہ المائدہ)۔ حضورؐ نے اس فریضۂ ابلاغ و رسالت کو سرانجام دینے کا پورا حق ادا کر دیا اور حجۃ الوداع کے خطبہ میں، جو انسانی حقوق کا چارٹر ہے، ایک لاکھ سے زیادہ پاک سیرت صحابہؓ سے، جو اس وقت حاضر تھے، استفسار فرمایا: کیا میں نے اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا دیا؟ سب نے یک زبان اثبات میں جواب دیا۔ پھر آنجنابؐ نے آسمان کی طرف انگشت شہادت اٹھا کر بارگاہِ خداوندی میں عرض کی "اے اللہ! ملاحظہ فرمائیے کہ میں نے اس فریضہ کو جو میرے سپرد کیا گیا تھا، ادا کر دیا ہے اور یہ سب لوگ اس پر گواہ ہیں"۔ ہے کوئی اور اس قدر کامیاب شخصیت جس نے یہاں سے رخصت ہونے سے پہلے اس طرح اپنی کامیابی کا برملا اعلان کیا ہو۔ اور اس پر اللہ تعالیٰ کو گواہ ٹھہرایا ہو!

حضورؐ کا ارشادِ گرامی ہے "میں اعلیٰ اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا ہوں"۔ آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ "اپنے اندر اللہ تعالیٰ کا اخلاق پیدا کرو"۔ اللہ تعالیٰ کے اخلاق کو مخلوق جس حد تک اپنا سکتا ہے، اس کا نمونہ آنجنابؐ کی ذات ستودہ صفات ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے رنگ کو مخلوق جس حد تک معاشرے میں سمویا جا سکتا ہے، اس کی مثال جنابِ رسالتمآبؐ کا قائم کردہ معاشرہ ہے، جو آپؐ کے صحابۂ کرامؓ پر مشتمل تھا۔

اللہ تعالیٰ نے سورہ النساء میں حضورؐ کی اطاعت کو اپنی اطاعت قرار دیا۔ سورہ الحجرات میں حضورؐ کے سامنے آواز اونچی کرنے سے منع فرمایا۔ نیز حضورؐ کے سامنے زور زور سے بولنے سے روکا اور فرمایا کہ ایسا کرنے سے سارے اعمال ضائع ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ سورہ الاحزاب میں حضورؐ کو ایذا دینے والوں کے بارہ میں فرمایا کہ ان پر دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔ حضورؐ کو ایذا دینا یہ ہے کہ حضورؐ کی شان میں گستاخی کی جائے یا آنجنابؐ کی ازواجِ مطہرات یا آپؐ کے صحابۂ کرامؓ کی شان میں گستاخی کی جائے۔ حضورؐ کی محبت ایمان کی کسوٹی ہے۔ حضورؐ کی متابعت اللہ تعالیٰ کی محبوبیت کے درجہ تک پہنچا دیتی ہے (۳:۳۱) اور متابعت، محبت سے آسان ہو جاتی ہے۔ اس لیے عاشقِ رسولؐ مقبول محبوبِ خدائے عزوجل ہے۔

افلاک سے آتا ہے نالوں کا جواب آخر
کرتے ہیں خطاب آخر اٹھتے ہیں حجاب آخر
احوالِ محبت میں کچھ فرق نہیں ایسا
سوز و تب و تاب اول، سوز و تب و تاب آخر
میں تجھ کو بتاتا ہوں تقدیرِ امم کیا ہے
شمشیر و سناں اول، طاؤس و رباب آخر

(بالِ جبریل)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
کرسینٹ
سوورانٹو کینیڈا

جلد نمبر ۳ — شمارہ نمبر ۳

۱۸ اپریل ۱۹۷۵ء مطابق ۷ ربیع الثانی ۱۳۹۵ھ

اقبال نمبر

سعودی عرب اسلام کی سربلندی کے لیے خدمات انجام دیتا رہے گا

ہم ہر معاملے میں خدا تعالیٰ کی نصرت کے طلب گار ہیں

ملک کی اندرونی اور بیرونی پالیسیوں کے بارے میں عنقریب بیان جاری کیا جائے گا — شاہ خالد

پاکستان کو بدستور سعودی عرب کی دوستی اور حمایت حاصل رہے گی

وزیر اعظم بھٹو کو سعودی عرب کے نئے فرمانروا شاہ خالد کی یقین دہانی

دس ہزار کردوں نے ہتھیار ڈال دیے

تمام تعلیمی اداروں میں صبح کے وقت قومی پرچم لہرایا جائے گا

طلبا قومی ترانہ بھی گائیں گے

بھارت بتدریج نیپال کو بھی ہڑپ کر لینا چاہتا ہے

دونوں ملکوں میں تعلقات سخت کشیدہ ہو گئے: بی بی سی

بھارت نے کمبوڈیا کی جلاوطن حکومت کو تسلیم کر لیا

شاہ فیصل شہید کے چچا کا مولانا مودودی اور میاں طفیل کے نام پیغام تشکر

وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو شاہی محل میں شاہ خالد سے شاہ فیصل کی وفات پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں (فوٹو اے پی پی)

سندھو دیش ہماری لاشوں پر سے گزر کر ہی قائم ہو سکے گا: پیر پگارو

امداد عبداللہ گھمنڈ پر ریفرنڈم کرانے اور مسئلہ کشمیر پھر اقوام متحدہ میں پیش کرنے کا مطالبہ

بھارت سے ایٹمی تعاون کیلئے کینیڈا کی شرائط

فلسطینی عوام کی امداد جاری رہے گی

فلسطینیوں کے بارے میں سعودی عرب کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی: شاہ خالد

افغانستان میں متعدد فوجی افسر گرفتار، چار افسروں کو اذیتیں دے کر ہلاک کر دیا گیا

فوج کے ایک کیمپ سے اسلحہ چرانے کا الزام

افغان فوج سردار داؤد سے بیزار ہو گئی

سربراہان مملکت کے تہنیتی پیغامات پر وزیر اعظم بھٹو کا اظہار تشکر



SUBSCRIPTION RATES:

- ☐ FOR ONE YEAR $6.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $8.00
- ☐ FOR TWO YEARS $10.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $14.00
- ☐ FOR SIX MONTHS $4.00
- ☐ (1ST CLASS MAIL) $5.00

The Crescent

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
M2H 2P6
Canada

TELEPHONE. (416) 493 4374

NAME.

ADDRESS.

POSTAL CODE.

TELEPHONE.

U.S. cheques please include an additional 25¢